تھو، تھو! اسے پھینک دو کیا تمہیں نہیں معلوم کہ ہم صدقہ نہیں کھاتے؟

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے صدقہ کی کھجوروں میں سے ایک کھجور لے کر اپنے منہ میں ڈال لی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا :"تھو، تھو! اسے پھینک دو کیا تمہیں معلوم نہیں کہ ہم صدقہ کی چیز نہیں کھاتے؟" ایک اور روایت میں ہے کہ (آپ ﷺ نے فرمایا): "ہمارے لئے صدقہ حلال نہیں ہے"

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے] - متفق علیہ]

حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے زکوۃ کی جمع شدہ کھجوروں میں سے ایک کھجور لے کر اپنے منہ میں ڈال لی تو نبی ﷺ نے فرمایا: "تھو، تھو!" یعنی یہ تمہارے لیے ٹھیک نہیں ہے پھر آپ ﷺ نے انہیں اسے منہ سے نکالنے کا حکم دیا اور فرمایا: ہمارے لیے صدقہ حلال نہیں ہے چنانچہ آل محمد کے لیے صدقہ لینا حلال نہیں ہے کیونکہ وہ لوگوں میں سب سے معزز ہیں جب کے صدقات اور زکات لوگوں کے میل کچیل ہیں اور معزز لوگوں کے لیے میل کچیل کو لینا مناسب نہیں ہے جیسا کہ نبی ﷺ نے اپنے چچا عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: "ہم آل محمد کے لیے صدقہ جائز نہیں ہے، یہ تو محض لوگوں کا میل کچیل ہے"

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/10102